# FORM 35.1 لازمی انکشاف

**[بحوالہ C.R.C.P. 16.2(e)(2) یہ انکشاف فارم عدالت میں داخل نہیں کرنے ہیں، علاوہ اس کے کہ C.R.C.P.16.2 کی تعمیل میں حکم دیا گیا ہو۔]**

لازمی انکشافات۔ (مکمل اور درست نقول اصل دستاویزات کی جگہ استعمال کی جاسکتی ہیں۔ "بچہ(بچوں)" سے مراد فریقین کے نابالغ بچہ (بچے) ہیں۔)

ہر فریق فراہم کرے گا:

(a) حلفیہ مالی گوشوارہ۔ سپریم کورٹ کے منظور شدہ فارم (فارم 35.2) پر ایک مکمل شدہ اور دستخط شدہ حلفیہ مالی گوشوارہ۔

(b) انکم ٹیکس ریٹرنز (حالیہ ترین 3 سال کے)۔ مقدمہ دائر کرنے یا ڈگری کے بعد کے اقدام سے پہلے تین سال کے ذاتی اور کاروباری وفاقی انکم ٹیکس ریٹرنز۔ کاروباری ریٹرنز کسی بھی ایسے کاروبار کے ہوں گے جس سے کسی فریق کا مفاد وابستہ ہو جو فریق کو اس طرح کے ریٹرنز کی نقل کا مستحق بنائے۔ ہر ریٹرن میں تمام شیڈیولز اور منسلکات شامل ہوں گے، مثلاً W-2s، 1099s، اور K-1۔ اگر انکشاف کے وقت کوئی ریٹرن مکمل نہ ہو پائے تو ریٹرن تیار کرنے کے لیے ضروری دستاویزات شامل کریں، مثلاً W-2s، 1099s، اور K-1s، توسیع کی درخواستوں کی نقول اور ٹیکس کی ادائیگیوں کی تخمینی رقم۔ اگر گزشتہ تین سال کے اندر ڈگری جاری ہو چکی ہو تو ڈگری جاری ہونے کے بعد سے داخل کیے گئے ریٹرنز ہی فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

(c) ذاتی مالی گوشوارے (گزشتہ 3 سال)۔ گزشتہ تین سال کے اندر تیار کیے گئے تمام ذاتی مالی گوشوارے، اثاثوں اور واجبات کے گوشوارے اور قرضہ یا ادھار کی گزشتہ تین سال کی داخل کی گئی درخواستیں۔ اگر گزشتہ تین سال کے اندر ڈگری جاری ہو چکی ہو تو ڈگری جاری ہونے کے بعد سے داخل کیے گئے گوشوارے/درخواستیں فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

(d) کاروباری مالی گوشوارے (گزشتہ 3 سال)۔ ہر اس کاروبار کے لیے جس میں کسی فریق کا تعلق ہے۔ مالی گوشوارے، گزشتہ تین سال کے مالی گوشوارے، تمام آغاز سال سے موجودہ تاریخ تک کے مالی گوشوارے اور گزشتہ دو سال کے یکساں وقفہ جاتی مالی گوشوارے۔ اگر گزشتہ تین سال کے اندر ڈگری جاری ہو چکی ہو تو وہی گوشوارے جو ڈگری کے جاری ہونے کے بعد تیار کیے گئے ہوں فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

(e) غیر منقولہ جائداد کے دستاویزات۔ استحقاقی دستاویزات اور تمام غیر منقولہ جائداد کی قیمت ظاہر کرنے والے تمام دستاویزات جس سے کسی فریق کا ذاتی یا کاروباری مفاد وابستہ ہو۔ اس سیکشن کا اطلاق ڈگری کے بعد کے اقدامات پر نہیں ہوگا تاوقتیکہ عدالت نے ایسا حکم نہ دیا ہو۔

(f) ذاتی قرض۔ قرض کی تشکیل کرنے والے تمام دستاویزات اور بقایا رقم اور شرائط ادائیگی دکھانے والے حالیہ ترین قرض کے گوشوارے۔ اس سیکشن کا اطلاق ڈگری کے بعد کے اقدامات پر نہیں ہوگا تاوقتیکہ عدالت نے ایسا حکم نہ دیا ہو۔

(g) سرمایہ کاریاں۔ حالیہ ترین کھاتے کے گوشوارے یا ایسی ہر سرمایہ کاری کی نشاندہی کرنے والے دستاویزات جس سے کسی فریق کا ذاتی یا کاروباری مفاد وابستہ ہو، اور اس کی موجودہ قیمت بتاتا ہو۔

(h) مراعات ملازمت۔ حالیہ ترین کھاتے کے گوشوارے یا کسی فریق کی تمام مراعات ملازمت کی نشاندہی کرنے والے اور اس کی موجودہ قیمت ظاہر کرنے والے دیگر دستاویزات۔

(i) سبکدوشی کے منصوبے۔ حالیہ ترین دستاویزات جن سے ہر ایک منصوبۂ سبکدوشی کی شناخت ہوتی ہو جس سے کوئی فریق استفادہ کنندہ ہے اور جس میں اس کی موجودہ قیمت مذکور ہو، اور منصوبہ کی وضاحت کا خلاصہ ہو (Summary Plan Descriptions)۔ اس سیکشن کا اطلاق ڈگری کے بعد کے اقدامات پر نہیں ہوگا تاوقتیکہ عدالت نے ایسا حکم نہ دیا ہو۔

(j) بینک/مالیاتی ادارے کے کھاتے۔ حالیہ ترین کھاتے کا گوشوارہ جس سے بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں میں فریق کے ہر کھاتے کی شناخت ہو اور حالیہ قیمت ظاہر کرتا ہو۔

(k) آمدنی کے دستاویزات۔ موجودہ اور گزشتہ تقویمی سال میں کسی فریق کے ذریعۂ آمدنی کے لیے جس میں ملازمت، سرمایہ کاری، سرکاری پروگرام، تحائف، وقف کی طرف سے تقسیم، انعامات اور ہر ایک دیگر ذریعے سے آمدنی، تنخواہ کی پرچی، تازہ گوشوارۂ تنخواہ، اور پچھلے سال کا حتمی آمدنی گوشوارہ شامل ہیں۔ خود روزگار سے وابستہ ہر فریق مقدمہ دائر کرنے سے پہلے یا ڈگری کے بعد کے اقدام کے لیے کل مجموعی آمدنی، آمدنی کرنے کے لیے ضروری کاروباری اخراجات اور تین مہینے کی خالص آمدنی کا حلفیہ گوشوارہ فراہم کرے گا۔

(l) ملازمت اور تعلیم سے متعلق نگہداشت اطفال کے دستاویزات۔ کوئی بھی دستاویزات جو کسی فریق کے اوسط ماہانہ ملازمت سے متعلق نگہداشت اطفال خرچے کو دکھائے، جس میں پارٹی کی تعلیم اور تلاش ملازمت سے متعلق نگہداشت اطفال کے اخراجات شامل ہیں۔ اس سیکشن کا اطلاق اسی حالت میں ہوگا جب نگہداشت اطفال کا مسئلہ ہو۔

(m) بیمہ سے متعلق معلومات۔ استفادہ کنندگان، بیمہ تحفظ، لاگت ظاہر کرنے والے تمام زندگی، صحت اور جائداد بیمہ پالیسیاں اور حالیہ دستاویزات (بشمول بچہ (بچوں) کے لیے صحت بیمہ کی فراہمی کے لیے حصہ) اور ادائیگی کا نظام الاوقات۔ اس سیکشن کا اطلاق ڈگری کے بعد کے اقدامات پر نہیں ہوگا تاوقتیکہ عدالت اس کا حکم دے یا امداد اطفال کا مسئلہ ہو تو بچے(بچوں) کے بارے میں پالیسی اور خرچے سے متعلق معلومات فراہم کی جائے گی۔

(n) غیر معمولی بچہ(بچوں) کے خرچ کے دستاویزات۔ تمام دستاویزات جو تکراری غیر معمولی بچہ (بچوں) کے اخراجات کے لیے اوسط ماہانہ خرچ کو ظاہر کریں۔ اس سیکشن کا اطلاق اسی حالت میں ہوگا جب نگہداشت اطفال کا مسئلہ ہو۔

(o) تاوقتیکہ عدالت نے ایسا حکم نہ دیا ہو، ان لازمی انکشافات کا اطلاق ڈگری کے بعد کی ان تجاویز پر نہیں ہوگا جن میں صرف فیصلہ سازی اور مدت پرورش کے مسائل اٹھائے جائیں۔